اسلامی آداب پر مشتمل شیخ صالح بن عبد اللہ العصیمی حفظہ اللہ کے مختصر رسالے

# الآدابُ العَشَرَة

کا اردو ترجمہ مسمیٰ

# دس اسلامی آداب

مترجم: ابو مریم اعجاز احمد وفقہ اللہ

أهل الأثر
العلم قبل القول و العمل
قول و عمل سے پہلے علم

بسم الله الرحمن الرحيم

اعلَم – هَدانِيَ اللهُ وَإيَّاكَ لِأَحسَنِ الأَخلَاقِ – أَنَّ مِن أَعظَمِ الآدابِ عَشَرَةً.

**الأَوَّلُ** : إِذَا لَقِيتَ مُسلِماً فَسَلِّم عَلَيهِ قَائِلاً : (السَّلاَمُ عَلَيكُم وَرَحمَةُ اللهِ وَ بَرَكَاتُهُ) , وَ إِن سَلَّمَ عَلَيكَ فَقُل : (وَعَلَيكُم السَّلاَمُ وَرَحمَةُ اللهِ وَ بَرَكَاتُهُ).

**الثَّانِي** : إِذَا أَرَدتَّ الدُّخُولَ عَلَى أَحَدٍ فَاستَأذِن , وَاقِفًا عَن يَمِينِ البَابِ أَو يَسَارِهِ , فَإِن أَذِنَ لَكَ دَخَلتَ وَإِن قِيلَ لَكَ : ارجِع , فَارجِع.

**الثَّالِثُ**: سَمِّ اللهَ فِي ابتِداءِ أَكلِكَ وَ شُربِكَ قَائِلاً : (بِسمِ اللهِ) , وَ كُل بِيَمِينِكَ , وَ كُل مِمَّا يَلِيكَ, وَ إِذَا فَرَغتَ فَالعَق أَصَابِعَكَ , وَقُل : (الحَمدُ لِلهِ).

**الرَّابِعُ**: تَكَلَّم بِطَيِّبِ القَولِ فِي خَيرٍ , وَاخفِض صَوتِكَ مُتَمَهِّلاً فِي حَدِيثِكَ , وَ أَنصِت لِمَن كَلَّمَكَ مُقبِلاً عَلَيهِ , وَلَا تُقَاطِعهُ ,وَلَا تَتَقَدَّم بَينَ يَدَيِ الأَكبَرِ بِالكَلاَمِ.

**الخَامِسُ** : إِذَا أَتَيتَ مَضجِعَكَ فَتَوَضَّأ , وَ نَم عَلَى شِقِّكَ الأَيمَنِ, وَاتلُ آيَةَ الكُرسِي مَرَّةً, وَاجمَع كَفَّيكَ, وَاقرَأ فِيهِمَا سُورَةَ الإِخلَاصِ والمُعَوِّذَتَينِ , وَانفُث فِيهِمَا , وَامسَح بِهِمَا ما استَطَعتَ مِن جَسَدِكَ , تَفعَلُ ذَلِكَ ثَلاثًا.

**السَّادِسُ** : إِذَا عَطَستَ فَغَطِّ وَجهَكَ بِيَدِكَ أَو بِثَوبِكَ , وَاحمَدِ اللهَ , فَإن شَمَّتَكَ أَحَدٌ: فَقَالَ : (يَرحَمُكَ اللهُ) , فَقُل : (يَهدِيكُمُ اللهُ وَ يُصلِحُ بَالَكُم).

**السَّابِعُ**: رُدَّ التَّثَاؤُبَ مَا استَطَعتَ, وَأمسِك بِيَدِكَ عَلَى فِيكَ, وَلَا تَقُل : ( آه آه).

**الثَّامِن** : إِذَا انتَهَيتَ إِلَى مَجلِسٍ فَسَلِّم , وَاجلِس حَيثُ يَنتَهِي المَجلِسُ , وَلَا تَجلِس بَينَ الشَّمسِ وَ الظِّلِّ , وَلَا تُفَرِّق بَينَ اثنَينِ إلاَّ بِإذنِهِمَا , وَلَا تُقِم أَحَدًا مِن مَجلِسِهِ , وَافسَح لِمَن دَخَلَ , وَاذكُرِ اللهَ فِيهِ , وَ أَقَلُّهُ كَفَّارَتُهُ , فَتَقُولُ: (سُبْحَانَكَ اللَّهُمَّ وَبِحَمْدِكَ ، أَشْهَدُ أَنْ لاَ إِلَهَ إِلاَّ أَنْتَ ، أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوبُ إِلَيْكَ).

**التَّاسِعُ** : أَعطِ الطَّرِيقَ حَقَّهُ , فَغُضَّ بَصَرَكَ , وَكُفَّ الأَذَى ,وَ رُدَّ السَّلَامَ , وَأمُر بِالمَعرُوفِ ,وَانهَ عَنِ المُنكَرِ.

**العَاشِر**: البَسِ الجَمِيلَ مِنَ الثِّيَابِ, وَأَفضَلُهَا الأَبيَضُ ,وَلَا يُجَاوِز كَعبَيكَ سُفلًا, وَابدَأ بِيَمِينِكَ لُبسًا وَبِشِمَالِكَ خَلعًا.

**تَمَّت بِحَمدِ اللهِ**

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جان لیں - اللہ مجھے اور آپ کو بہترین اخلاق کی طرف رہنمائی کرے - کہ بڑے آداب میں سے دس ہیں۔

پہلا: کہ جب آپ کسی مسلمان سے ملیں تو اسے یہ کہتے ہوئے سلام کریں۔(السَّلاَمُ عَلَيكُم وَرَحمَةُ اللهِ وَ بَرَكَاتُهُ) , اور اگر وہ آپ کو سلام کرے تو کہیں: (وعَلَيكُمُ السَّلاَمُ وَرَحمَةُ اللهِ وَ بَرَكَاتُهُ).

دوسرا: اگر کسی کے پاس داخل ہونے کا ارادہ کریں تو دروازے کے دائیں یا بائیں جانب کھڑے ہو کر اس سے اجازت لے لیں، اگر وہ آپ کو اجازت دے دیں تو داخل ہوں اور اگر آپ سے یہ کہہ دیا جائے کہ لوٹ جائیں تو لوٹ جائیں۔

تیسرا: اللہ کا نام لے کر اپنا کھانا یا پینا شروع کریں (بِسمِ اللهِ) کہتے ہوئے، اور اپنے دائیں ہاتھ سے کھائیں اور جو آپ کے قریب ہے وہاں سے کھائیں، اور جب آپ کھانے سے فارغ ہوں تو اپنی انگلیوں کو چاٹ لیں اور کہیں (الحَمدُ لِلهِ).

چوتھا: خیر کی باتوں میں اچھی باتیں کہیں، اور اپنی آواز کو پست رکھتے ہوئے آہستگی سے بات کریں۔ اور جب کوئی آپ سے بات کر رہا ہو تو خاموشی سے اس کی طرف متوجہ ہوتے ہوئے سنیں اور بیچ میں اس کی بات نہ کاٹیں، اور بڑے کے سامنے بات کرنے میں پہل نہ کریں۔

پانچواں: جب آپ (سونے کے لئے) اپنے بستر پر آئیں تو وضوء کر لیں، اور اپنے داہنے کروٹ ہو کر سوئیں، ایک مرتبہ آیت الکرسی پڑھیں اور اپنی دونوں ہتھیلیوں کو جمع کر کے ان میں سورہ اخلاص اور

معوذ تین پڑھیں پھر ان میں (باریک لعاب کے ساتھ) پھونکیں اور انہیں جہاں تک ہو سکے اپنے جسم پر پھیریں، اور اسے تین مرتبہ کریں۔

چھٹا: جب آپ چھینکیں تو اپنے چہرے کو اپنے ہاتھوں یا کپڑے سے چھپالیں، اور (الحمد للہ) کہیں، اور اگر کوئی آپ کے لئے دعا کرے اور کہے (يَرحَمُكَ اللهُ) , تو آپ کہیں : (يَهدِيكُمُ اللهُ وَ يُصلِحُ بَالَكُم).

ساتواں: جمائی کو جہاں تک ہو سکے روکیں، اور ہاتھ کو اپنے منھ پر رکھیں، اور آہ آہ نہ کہیں۔

آٹھواں: جب آپ کسی مجلس میں پہنچیں تو سلام کریں، اور وہاں پر بیٹھ جائیں جہاں تک لوگ بیٹھے ہیں، اور دھوپ اور سائے کے درمیان نہ بیٹھیں، اور دو شخص کے بیچ میں بغیر ان کی اجازت کے نہ بیٹھیں، اور نہ کسی کو اس کی جگہ سے اٹھائیں اور جو داخل ہو اس کے لئے کشادگی پیدا کریں، اور اس (مجلس میں )اللہ کا ذکر کریں، اور کم از کم ذکر کفارۃ المجلس ہے، لہذا کہو: (سُبْحَانَكَ اللَّهُمَّ وَبِحَمْدِكَ ، أَشْهَدُ أَنْ لاَ إِلَهَ إِلاَّ أَنْتَ ، أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوبُ إِلَيْكَ).

نواں: راستے کو اس کا حق دیں، اپنی نظروں کو نیچی رکھیں، تکلیف دہ چیزوں سے رکیں، سلام کا جواب دیں، اچھی باتوں کا حکم دیں اور بری باتوں سے روکیں۔

دسواں: کپڑوں میں سے خوبصورت کپڑے پہنیں، جن میں سب سے بہتر سفید ہے، جو آپ کے ٹخنوں سے نیچے نہ ہو، دائیں سے پہننا شروع کریں اور بائیں سے اتاریں۔

تَمَّت بِحَمدِ اللهِ

الحمد لله الذي بنعمته تتم الصالحات تمت الترجمة ليلة الأربعاء خامس عشر من شهر رجب سنة ثلاث وأربعين بعد الأربعمائة والألف .